ڈیرہ اسماعیل خان سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اور موثر ترین اخبار
اور ہم نے تم کو ایک ایسی جماعت بنا دیا ہے جو "ہر پہلو" سے "اعتدال" پر ہے (القرآن)
DAILY AITADAL D.I.KHAN
www.aitadal.com.pk
روزنامہ اعتدال ڈیرہ اسماعیل خان
بیاد احمد نواز مغل
چیف ایڈیٹر: محمد عرفان مغل
Email:-aitadal@gmail.com
Tel:-0966-713793
Fax:-0966-713794
جلد نمبر 20 | صفحات 6 | جمعرات 04 دسمبر 2025ء 12 جمادی الثانی 1447ھ /19 مگھر 2080ب | قیمت 20 | شمارہ 158

# وفاقی محتسب کا معذور افراد کے حقوق سے متعلق ویبینار سے خطاب

## معذوری کی بنیاد پر کسی کے ساتھ امتیازی سلوک انسان کے موروثی وقار اور انسانی اقدار کے خلاف ہے۔ وفاقی محتسب

اسلام آباد (ہینڈ آؤٹ) وفاقی محتسب اور ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (AOA) کے صدر اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ معذوری کی بنیاد پر کسی بھی شخص کے ساتھ امتیازی سلوک انسان کے موروثی وقار اور انسانی اقدار کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے پائیدار ترقی کی حکمت عملیوں میں معذوری (بقیہ نمبر 36)

بقیہ | اعتدال | 36

سے متعلقہ مسائل پر موثر اقدامات کی اہمیت پر زور دیا۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز معذور افراد کے حقوق کے تحفظ میں محتسب اداروں کے کردار کے موضوع پر ایک ویبینار میں افتتاحی خطاب کے دوران کیا۔ یہ ویبینار ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (AOA) کے زیر اہتمام معذور افراد کے عالمی دن کے موقع پر منعقد کیا گیا تھا، جو ہر سال 3 دسمبر کو منایا جاتا ہے۔ ویبینار سے جمہوریہ آذربائیجان میں انسانی حقوق کی کمشنر محترمہ سبینا علی یاف نے بھی خطاب کیا، علاوہ ازیں دسمبر 2006 کو اقوام متحدہ کے کنونشن میں معذور افراد کے حقوق سے متعلق منظور کیے گئے مختلف پہلوں کے بارے میں دو ماہرین کی جانب سے مقالے بھی پیش کیے گئے۔ انسانی حقوق اور گڈ گورننس کے فروغ و تحفظ میں محتسب اداروں کے کردار پر زور دیتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ عوام چونکہ سب سے بڑے اسٹیک ہولڈر ہیں، اس لئے ان کے جائز مفادات کا تحفظ ضروری ہے لہذا کاروباری و صنعتی حلقوں کو چاہیے کہ وہ کاروباری سرگرمیاں انجام دیتے ہوئے قواعد کے مطابق اپنی کارپوریٹ سماجی ذمہ داریوں کو نظر انداز نہ کریں اور معذور افراد کے سلسلے میں انصاف، مساوات اور عدم امتیاز کے تقاضوں کا خیال رکھیں۔ ویبینار میں، ماہرین تعلیم، انسانی حقوق اور سول سوسائٹی کے نمائندگان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بین الاقوامی شرکا میں آذربائیجان، بحرین، چین، ہانگ کانگ، ایران، انڈونیشیا، جاپان، ترکی، ازبکستان اور دیگر مما لک سے 47 رکنی ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے رکن ادارے بھی شامل تھے۔ وفاقی محتسب اور ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن) اے او اے (کے صدر اعجاز احمد قریشی معذور افراد کے قومی دن کے موقع پر ویبینار سے خطاب کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب کے سیکرٹری علی طاہر اور اے او اے کے ایگزیکٹو سیکرٹری عبدالمعز بخاری بھی ہمراہ ہیں۔

Member APNS Email:mashriqdak@gmail.com / mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدالباقی کاکڑ

جلد:15 | جمعرات 12 جمادی الثانی 1447ھ 4 دسمبر 2025ء 21 مگھر 2082ب صفحات :10 قیمت :30 روپے | شمارہ: 254

# معذور افراد سے امتیازی سلوک غلط ہے: اعجاز احمد قریشی

## پائیدار ترقی کی حکمت عملیوں میں معذوری سے متعلقہ مسائل پر موثر اقدامات ناگزیر

## وفاقی محتسب کا ویبینار کی افتتاحی تقریب میں خطاب، انسانی حقوق کی کمشنر کی گفتگو

لاہور (اپنے رپورٹر سے) وفاقی محتسب کا معذور افراد کے حقوق کے تحفظ پر ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے تحت ویبینار سے خطاب، معذوری کی بنیاد پر کسی کے ساتھ امتیازی سلوک انسان کے موروثی وقار اور انسانی اقدار کے خلاف ہے وفاقی محتسب اور ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے صدر اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ معذوری کی بنیاد پر کسی بھی شخص کے ساتھ امتیازی سلوک انسان کے موروثی وقار اور انسانی اقدار کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے پائیدار ترقی کی حکمت عملیوں میں معذوری سے متعلقہ مسائل پر موثر اقدامات کی اہمیت پر زور دیا۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز "معذور افراد کے حقوق کے تحفظ میں محتسب اداروں کے کردار" کے موضوع پر ایک ویبینار میں افتتاحی خطاب کے دوران کیا۔ یہ ویبینار ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے زیراہتمام معذور افراد کے عالمی دن کے موقع پر منعقد کیا گیا تھا، جو ہر سال 3 دسمبر کو منایا جاتا ہے۔ ویبینار سے جمہوریہ آذربائیجان میں انسانی حقوق کی کمشنر سبینا علی یاف نے بھی خطاب کیا۔ علاوہ ازیں دسمبر 2006ء کو اقوام متحدہ کے کنونشن میں معذور افراد کے حقوق سے متعلق منظور کیے گئے مختلف پہلوؤں کے بارے میں دو ماہرین کی جانب سے مقالے بھی پیش کیے گئے۔ انسانی حقوق اور گڈ گورننس کے فروغ و تحفظ میں محتسب اداروں کے کردار پر زور دیتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ عوام چونکہ سب سے بڑے سٹیک ہولڈر ہیں، اس لئے ان کے جائز مفادات کا تحفظ ضروری ہے لہٰذا کاروباری و صنعتی حلقوں کو چاہیے کہ وہ کاروباری سرگرمیاں انجام دیتے ہوئے قواعد کے مطابق اپنی کارپوریٹ سماجی ذمہ داریوں کو نظر انداز نہ کریں اور معذور افراد کے سلسلے میں انصاف، مساوات اور عدم امتیاز کے تقاضوں کا خیال رکھیں۔ ویبینار میں، ماہرین تعلیم، انسانی حقوق اور سول سوسائٹی کے نمائندگان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بین الاقوامی شرکاء میں آذربائیجان، بحرین، چین، ہانگ کانگ، ایران، انڈونیشیا، جاپان، ترکی، ازبکستان اور دیگر ممالک سے 47 رکنی ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے رکن ادارے بھی شامل تھے۔